تبصرے

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیاسی زندگی از جناب ڈاکٹر حمید اللہ سابق استاذ قانون جامعہ عثمانیہ دکن۔ تقطیع متوسط ضخامت ۲۸۰ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد پانچ روپئے۔ ملنے کا پتہ:۔ ادارۂ اسلامیات نمبر ۱۹۰ انارکلی لاہور

یہ کتاب دراصل ان مقالات ومضامین کا مجموعہ ہے جو فاضل مصنف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیاسی زندگی کے پیش نظر وقتاً فوقتاً لکھتے اور مختلف رسائل میں شائع کراتے رہے ہیں اس طرح انھوں نے سیرتِ نبوی کے ایک خاص پہلو پر نظر ڈالی ہے اور حیاتِ مقدسہ کا ایک نیا مگر نہایت اہم اور عظیم الشان خاکہ تیار کیا ہے جو معلومات افزا بھی ہے اور بصیرت افروز بھی جس میں روح کی تسکین کا سامان بھی ہے اور عقل وخرد کے لئے پیغامِ ہدایت بھی۔ شروع میں پس منظر کے طور پر فاضل مصنف نے مکہ معظمہ کی جغرافیائی اہمیت عربوں کے طبعی خصائص۔ بعثتِ نبوی کے وقت دنیا کے عام حالات۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادتِ باسعادت۔ بچپن اور جوانی کے عام واقعات نزولِ وحی اور آغازِ نبوت کا تذکرہ کیا ہے اور اس کے بعد کتاب کا اصل موضوعِ بحث شروع ہوتا ہے جس میں صلح حدیبیہ۔ فتح مکہ۔ اور ان کے اثرات ونتائج کا بیان ہے اور پھر آنحضرت کے مکتوبات اور عہد نبوی میں عربوں کے دوسرے ممالک سے سیاسی تعلقات اس عہد کی سیاسی دستاویزات اور بعثتِ نبوی کے وقت جو چند عالمگیر گتھیاں تھیں ان کا اسلامی حل۔ انسانیت کا اہم ترین چارٹر۔ یعنی خطبۂ حجۃ الوداع ان سب امور ومباحث کا تذکرہ وبیان ہے اس حصہ میں مکتوبات اور سیاسی دستاویزات کا باب اس لحاظ سے بہت قابل قدر ہے کہ اس میں فاضل مصنف نے اپنی ذاتی تحقیق وتفحص اور کاوش وتجسس سے بعض نہایت قیمتی معلومات بہم پہنچائی ہیں لیکن معلوم ہوتا ہے کہ ڈاکٹر صاحب